# پریس ریلیز

(Also emailed*/faxed separately)

## گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے
## موضوع: "کرونا وائرس"

**مارچ کے بعد سے کثرت کے ساتھ ہاتھ دھونے والے پاکستانیوں کی شرح میں 32% اضافہ ہوا ہے جہاں اب ہر 4 میں سے 3 (75%) پاکستانی کثرت کے ساتھ ہاتھ دھونے کا دعوہ کرتے ہیں۔ ہر 10 میں سے 1 سے زائد (13%) پاکستانیوں کا اب بھی دعوی ہے کہ اُنھوں نے ابھی تک خود کو کورونا وائرس سے بچانے کے لئے کوئی احتیاطی اقدامات اختیار نہیں کئے ہیں:**

**(گیلپ & گیلانی پاکستان ہفتہ وار کورونا وائرس پر سپیشن ٹریکر)،**

اسلام آباد، 23 اپریل، 2020


گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، مارچ کے بعد سے کثرت کے ساتھ ہاتھ دھونے والے پاکستانیوں کی شرح میں 32% اضافہ ہوا ہے جہاں اب ہر 4 میں سے 3 (75%) پاکستانی کثرت کے ساتھ ہاتھ دھونے کا دعوہ کرتے ہیں۔ ہر 10 میں سے 1 سے زائد (13%) پاکستانیوں کا اب بھی دعوی ہے کہ اُنھوں نے ابھی تک خود کو کورونا وائرس سے بچانے کے لئے کوئی احتیاطی اقدامات اختیار نہیں کئے ہیں۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، **"کرونا وائرس کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ کورونا وائرس سے بچنے کے لیے کون کون سی احتیاطی تدابیر اختیار کر رہے ہیں: میڈیکل ماسک کا استعمال کرنا، ہاتھوں پر دستانے پہننا، ہاتھوں کو صاف رکھنے کے لیے ہینڈ سینی ٹائزر کا استعمال کرنا، کثرت سے ہاتھوں کو دھونا، زیادہ تر گھر میں رہنا / کم سے کم میل جول خود کو الگ، قرنطینہ میں رکھنا؟" (ایک سے زائد جوابات ممکن ہیں)**، اس سوال کے جواب میں 75% جوابدہندگان کے مطابق وہ کثرت سے ہاتھوں کو دھو رہے ہیں، 74% جوابدہندگان کے مطابق وہ گھر میں رہ کر اپنی میل جول کو محدود کر رہے ہیں، 63% جوابدہندگان کے مطابق وہ کورونا وائرس سے بچاؤ کے لیے میڈیکل ماسک کا استعمال کر رہے ہیں، 48% جوابدہندگان کے مطابق وہ ہاتھوں کو صاف رکھنے کے لیے ہینڈ سینی ٹائزر (hand sanitizer) کا استعمال کر رہے ہیں، 35% جوابدہندگان کے مطابق وہ ہاتھوں پر دستانے پہن رہے ہیں، 14% جوابدہندگان نے کرونا وائرس سے بچاؤ کے لیے خود کو الگ / قرنطینہ میں رہنے کا دعوی کیا، جبکہ 13% جوابدہندگان اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ انھوں نے کورونا وائرس سے بچاؤ کے لیے ابھی تک کوئی احتیاطی طریقہ کار نہیں اپنایا۔


### شہری اور دیہی علاقوں کے نتائج میں فرق:

دیہی علاقوں سے تعلق رکھنے والے زیادہ جوابدہندگان کا دعوی کہ وہ گھر میں رہ کر اپنی میل جول کو محدود کر رہے ہیں (77%)، جبکہ شہری علاقوں سے تعلق رکھنے والے جوابدہندگان کی بھاری اکثریت میڈیکل ماسک (72%) اور ہینڈ سینی ٹائزر (63%) کا استعمال کر رہے ہیں۔

"کرونا وائرس کے حوالے سے سوچتے ہوئے بتائیں کہ آپ کورونا وائرس سے بچنے کے لیے کون کون سی احتیاطی تدابیر اختیار کر رہے ہیں: میڈیکل ماسک کا استعمال کرنا، ہاتھوں پر دستانے پہننا، ہاتھوں کو صاف رکھنے کے لیے ہینڈ سینی ٹائزر کا استعمال کرنا، کثرت سے ہاتھوں کو دھونا، زیادہ تر گھر میں رہنا / کم سے کم میل جول خود کو الگ، قرنطینہ میں رکھنا؟" (ایک سے زائد جوابات ممکن ہیں)






*Source: Gallup Pakistan Coronavirus Attitude Tracker Survey 2020, Wave 3*
*Field work conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1014 مرد و خواتین سے 04 اپریل تا 10 اپریل 2020 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 23 April 2020**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*


*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com



***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* www.gallup-international.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*


Daily Gilani Poll
2020

celebrating 40 years

of Gallup Pakistan
(1980-2020)